لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ شوال ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء	نمبر ۱۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

مولوی قاسم علی تحصیلدار بلاسپور سررشتہ آڈٹ میں اپنی موجودہ تنخواہ پر منتقل کئے جائیں اور انکی جگہ منشی منظور احمد بشاہرہ ایک سو پچیس روپیہ ماہوار تحصیلدار بلاسپور مقرر ہوں - یوم کارکردگی سے تنخواہ کا عملدرآمد کیا جائے - روبکار

بغرض اجراء احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور اعلیٰ دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں سید قاسم علی تحصیلدار کے نام کا پروانہ منشی منظور احمد صاحب تحصیلدار کو دیدیا جائے جو اجلاس میں اسوقت موجود ہیں۔ ایک نقل بخدمت جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مرسل ہو۔ ۱۸ ر اپریل ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۴ ر اپریل ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت دربارۂ منظوری رخصت یکماہ بسلسلۂ رخصت سابقہ بوضع تنخواہ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات مورخہ ۶ ر اپریل ۱۹۲۶ء

حکم

بموجب رپورٹ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات کی رخصت ایکماہ بوضع تنخواہ بسلسلۂ رخصت سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۴ ر اپریل ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ تنخواہ سید آل حسن صاحب تحصیلدار سوار بقدر پچیس روپیہ بوجہ محنت وحسن انجام دہی کام۔

حکم

حسب استدعاء صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ سید آل حسن تحصیلدار سوار کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ آئندہ وہ اسکو پچیس روپیہ ماہانہ تنخواہ پائینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع تاریخ ۱۰ ر اپریل ۱۹۲۶ء

چونکہ سال تعلیم بعد تعطیل عید الفطر شروع ہو گیا ہے۔ لہذا مدارس متعلقات حسب ذیل انتظام کئے جاتے ہیں۔

(۱) مدرسہ سیفنی وساگرپور تحصیل شاہ آباد وبھوٹ بقال تحصیل سوار میں تعداد طلباء اسقدر زائد ہو گئی ہے کہ ان مدارس کو اپر پرائمری مدارس بنایا جانا مناسب ہے۔ لہذا ان ہرسہ مدارس کو اپر پرائمری مدارس کر کے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

(الف) سیفنی میں حمایت اللہ خان مدرس مڈل وٹریننگ پاس ہے لہذا نامبردہ کو موجودہ تنخواہ پر مدرس اول اپر پرائمری مدرسہ سیفنی مقرر کیا جاتا ہے۔ اور چیت رام مدرس ہندی مدرسہ مذکور تنخواہ دار آٹھ روپیہ ماہوار درجہ چہارم پاس ہے۔ لہذا نامبردہ کی تنخواہ میں دو روپیہ آٹھ آنے ماہوار اضافہ کرکے اسکو نائب مدرس مدرسہ مذکور مقرر کیا جاتا ہے۔ ایک مدرس قرآن شریف سات روپیہ ماہوار کا مقرر کیا جائیگا۔ انسپکٹر صاحب مدارس جلد کسی مدرس کا انتخاب کر کے تقرر کی رپورٹ کریں۔

(ب) ساگرپور شبیر علی مدرس گروہ مڈل وٹریننگ پاس ہے اسکو اپر پرائمری مدرسہ مذکور میں مدرس اول مقرر کیا جاتا ہے۔ برکت اللہ مدرس مدہکر تحصیل شاہ آباد مدرسہ مذکور میں اپنی موجودہ تنخواہ پر نائب مدرس مقرر کیا جاتا ہے۔ نجیب اللہ مانیٹر مدرسہ مذکور تنخواہ دار سات روپیہ ماہوار اپنی موجودہ تنخواہ پر مدرس قرآن شریف مقرر کیا جاتا ہے

(ج) بھوٹ بقال تحصیل سوار۔ محمد بخش مدرس موجودہ مدرسہ بھوٹ بقال میں مدرس اول مقرر کیا جاتا ہے۔ عبد الکریم مانیٹر مدرسہ مذکور مدرس قرآن شریف مقرر کیا جاتا ہے۔ اس مدرسہ میں ایک نائب گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ کا مقرر ہوگا۔ انسپکٹر صاحب مدارس کسی امیدوار کو منتخب کر کے جلد تقرر کی رپورٹ کریں۔

۲۔ مدارس مدہکر وکرسول تحصیل شاہ آباد ولکھی پورہ ودھنیلی شرقی تحصیل بلک ولوگران پرگنہ حضور تحصیل وکھو تحصیل سوار میں تعداد طلباء کم ہے لہذا یہ چند مدارس مسدود کئے جاتے ہیں۔

(۳) بھونرکی تحصیل شاہ آباد وسیگن کھیڑہ پرگنہ حضور تحصیل وکرا تحصیل شاہ آباد ملا

دہاؤنی بزرگ تحصیل بلاسپور مین جدید مدارس جاری کئے جاتے ہین۔

(۴) اشتیاق حسین مدرس بڑا گاؤن تحصیل شاہ آباد بوجہ ضعف بصارت و خرابی کام و گنیشی لال مدرس ہندی ساگر پور تحصیل شاہ آباد بوجہ غیر سند یافتہ ہونیکے و چھوٹے لال نائب مدرس بلاسپور بوجہ خرابی کام و رامچندر مدرس گودہی تحصیل بلاسپور بوجہ غیر حاضری کا عادی ہونیکے برخاست کئے جاتے ہین۔

(۵) [illegible] رضا خان موجودہ مدرس ساگر پور مدرسہ بھوٹر کی تحصیل شاہ آباد مین شمس الاسلام مدرس روانہ مدرسہ بڑا گاؤن تحصیل شاہ آباد مین اور سعادت نور خان مدرس کھرسول تحصیل شاہ آباد مدرسہ روانہ مین اور بندہ علی خان موجودہ مدرس کھود تحصیل سوار مدرسہ سیر الاٹ پور تحصیل سوار مین اور الطاف علی خان مدرس لکھی پور تحصیل ملک مدرسہ لگرہ پرگنہ حضور تحصیل مین - اور عزیز الحسن مدرس نوگنوان پرگنہ حضور تحصیل مدرسہ سینگن کھیڑہ پرگنہ حضور تحصیل مین اور تلسی رام مدرس دھنیلی شرقی تحصیل ملک مدرسہ پرم تحصیل ملک مین تبدیل کئے جاتے ہین۔

(۶) رام سروپ مدرس ڈہکیا تحصیل شاہ آباد اور محمد بخش مدرس بھوٹ بقال تحصیل سوار اور شبیر علی مدرس ساگر پور تحصیل شاہ آباد چونکہ ٹریننگ پاس ہین اور انکا کام بھی اچھا ہے لیکن تنخواہ درجہ چہارم کی پاتے ہین لہذا ان ہر سہ مدرسین کا چار چار روپیہ ماہوار الاونس مقرر کیا جاتا ہے۔ یہ مدرسین جب درجہ سوم مین ترقی پا جاوینگے تو الاؤنس دو دو روپیہ ماہوار کم ہو جائیگا اور جب درجہ دوم مین ترقی پا جاوینگے تو الاونس مسدود ہو جائیگا۔

(۷) گوپال دت مدرس ہندی مدرسہ شاہ آباد تنخواہ وار آٹھ روپیہ ماہوار چونکہ چہارم پاس ہے۔ لہذا انکی تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اضافہ کر کے انکو نائب مدرس مدرسہ شاہ آباد مین مقرر کیا جاتا ہے۔

(۸) مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد کے لئے اور مدرسہ دہاؤنی بزرگ کے لئے اور مدرسہ گودہی تحصیل بلاسپور کے لئے (بجائے رامچندر) اور مدرسہ بلاسپور مین نائب مدرس کے لئے (بجائے چھوٹے لال) انسپکٹر صاحب مدرسین کا انتخاب کر کے تقرر کی رپورٹ جلد پیش کرین۔

(۹) مدارس تحصیل شاہ آباد و ملک و بلاسپور و سوار [illegible] مدارس ساگر پور و سیفنی تحصیل شاہ آباد و مدرسہ بھوٹ بقال تحصیل سوار اپر پرائمری مدارس ہین جنمین درجہ چہارم تک تعلیم ہوگی باقی مدارس ریاست چونکہ لوور پرائمری ہین انمین درجہ دوم سے اعلےٰ جماعتین قایم کرنیکی ممانعت کیجاتی ہے۔

(۱۰) جو مدرسین ٹریننگ پاس نہین ہین انکے لئے تجویز کیا جاتا ہے کہ مدرس ٹریننگ کلاس ہر مدرسہ مین چند روز رہکر مدرسین کو اصول تعلیم سکھائے اور اسکی منظوری اجلاس ہمایون سے صادر ہو گئی ہے لہذا رافع الحسن مدرس ٹریننگ کلاس کو اس خدمت پر مقرر کیا جاتا ہے۔ مدرس ٹریننگ کے فرائض بالفعل حسب ذیل ہونگے

(الف) مدرس ٹریننگ ہر ایسے مدرسہ مین جاکر جسکے مدرس ٹریننگ نہین ہے چند روز قیام کریگا۔ اور مدرسہ کے مدرس کو اصول تعلیم سکھائیگا۔ اور اپنے سامنے ہر مضمون کی تعلیم طلبا کو مدرس سے دلائیگا اور تعلیم مین جو نقائص ہون انکو بتائیگا اور انکا مفصل نوٹ معائنہ بک مین کر دیگا جسکی نقل فوراً سررشتہ انسپکٹری کے ذریعہ سے اجلاس ہذا کو بھیجی جائیگی۔

(ب) مدرس ٹریننگ جب کسی مدرسہ مین جائیگا اس مدرسہ کی حاضری طلبا اور خواندگی اور مدارس کے طرز عمل کی مفصل اور بالکل صحیح حالت کی رپورٹ سررشتہ انسپکٹری کے ذریعہ سے اجلاس ہذا کو بھیجیگا۔

(ج) مدرس ٹریننگ اپنے دورہ کا ایک مہینہ کا پروگرام مرتب کر کے سررشتہ انسپکٹری مین بھیجیگا۔ اور پھر ہر مہینہ کے ختم سے پندرہ روز قبل آیندہ مہینہ کا پروگرام مرتب کر کے بھیجا کریگا۔ اور اس پروگرام کی پابندی مدرس ٹریننگ کو لازم ہوگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری کئے جائین۔ اور ایک نقل [illegible] درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۹؍ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بہ معائنہ یوپی گزٹ مطبوعہ ۱۰؍ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء معلوم ہوا کہ امتحان منشی الہ آباد مین جو طلبا مدرسہ عالیہ کے شامل ہوے تھے۔ انمین سے تین طلبا مندرجۂ ذیل پاس ہوے ہین۔

(۱) محمد الدین سکنڈ ڈویزن

(۲) مطیع الحسن تھرڈ ڈویزن

(۳) حامد حسین تھرڈ ڈویزن

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا اطلاعًا بخدمت جناب ڈائرکٹر صاحب مدرسۂ عالیہ مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا کی گزٹ مین شائع کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹؍ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ یادداشت جناب چیف مجسٹریٹ ضلع دربارہ منظوری رخصت یکماہہ سے ولایت حسین اہلمد اجلاس ازدیری مجسٹریٹی بعوض شفیق الرحمن خان اپرنٹس از یوم استفادہ۔

حکم

رخصت ایک ماہ ولایت حسین خان اہلمد کی بعوض شفیق الرحمن خان اپرنٹس حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ منظور ہو۔ نصف تنخواہ رخصتی کو اور نصف عوضی کو ملیگی۔ اور تاریخ روانگی سے رخصت شمار ہوگی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اختیارات

۱۹؍ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ نقل حکم دربارہ منظوری تقرر منشی منظور احمد صاحب بعہدہ تحصیلداری بلاسپور بمشاہرہ ایکسو پچیس روپیہ ماہوار۔

حکم

منشی منظور احمد صاحب تحصیلدار بلاسپور کو صیغہ رجسٹری مین سب رجسٹرار کے اور صیغہ دیوانی مین سنیر منصفی کے اور صیغہ فوجداری مین مجسٹریٹ درجۂ دوم کے اختیارات دئے جاتے ہین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ یادداشت اطلاعی اجلاس ہمایون مین مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۹ لغایت ۲۵ اپریل ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۰۱۰۶		۰۰۸	۰۱۰۶	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۱۹		۱۹	۱۹	
نخود کستہ آمیز			۱۱۰		۱۰۹	۱۱۰	
کسہ			۱۱۰		۱۰۱۰	۱۰۱۰	
ماش			۰		۰	۱۵	
مونگ			۰		۰	۱۰۴	
مکا			۰		۱۰۸	۱۶	
جئی			۱۱		۱۱	۱۱	
گوجئی			۰		۱۱۰	۱۹	
عدس			۱۱۷		۱۸	۱۸	
ارہر			۱۱۰			۱۸	
برنج			۱۱۴			۱۵	
روغن زرد			۱۰			۳/۱۱	
روغن سیاہ			۱۰۱			۱۱۰	
روغن کنجد			۱۱			۱۱	
نمک سانبھر			۱۶			۱۳	
نمک لاہوری			۱۶			۰	
قند سیاہ			۱۳			۱۵	
باجرہ			۰			۱۹	